نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت ملکی فوڈ سیکیورٹی کیلئے ناگزیر ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی

لاہور:12نومبر 2022: امسال صوبہ پنجاب کیلئے گندم کی 1 کروڑ 65لاکھ ایکڑ رقبے پر کاشت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ ملکی فوڈ سیکیورٹی یقینی بنائی جا سکے گی۔ساہیوال ڈویژن میں گزشتہ سال 8لاکھ 40 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کاشت ہوئی جس سے اوسط پیداوار 36 من فی ایکڑ حاصل ہوئی۔امسال کاشتکار گندم کی کاشت 20 نومبر تک زیادہ سے زیادہ رقبہ پر مکمل کریں ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع و اڈپٹیو ریسرچ)، پنجاب نے محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے ضلع ساہیوال میں منعقدہ کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ گندم کو منافع بخش بنانے کیلئے بوائی سے قبل ہی اس کی امدادی قیمت بڑھا کر 3000روپے فی 40 کلوگرام مقرر کر دی ہے تاکہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ ساہیوال ڈویژن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت ایک قومی فریضہ کے طور پر کریں اور ایسے رقبے جہاں دھان کی کٹائی کا عمل جاری ہے وہاں کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع نے مزید کہا کہ شعبہ زرعی توسیع کے کارکنان زرعی یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات کی معاونت سے فیلڈ میں ہر ممکن طریقہ سے کاشتکاروں کی مدد اور رہنمائی کر رہے ہیں۔ ساہیوال ڈویژن میں 1596 طلبا و طالبات محکمہ زراعت کے شانہ بشانہ شریک ہیں۔اس کے علاوہ میگا فارمر گیدرنگ اور صوبائی و ضلعی سطح پر پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔امسال حکومت پنجاب نے گندم کے بیج و دیگر زرعی مداخل پر 2ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈویژن چوہدری شہباز اختر نے اپنے خطاب میں کہا کہ کسانوں میں تحریک اور ترغیب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی بروقت کاشت کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ گندم کی اضافی پیداوار سے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کی صورتحال کو اطمینان بخش بنایا جا سکے۔اس وقت تک ساہیوال ڈویژن میں 2 لاکھ 88 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت ہو چکی ہے اور کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی کیلئے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ساتھ میڈیا ویز کا بھی فیلڈ میں استعمال کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ گندم کے کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کے بیج، جڑی بوٹی مار زہروں اور جدید مشینری پر سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر کے ملکی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے حکومت پنجاب نے گندم کی 15 نئی اقسام کے 90لاکھ تھیلوں کی کاشتکاروں تک فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں کمی کیلئے 1200 روپے فی تھیلا خصوصی سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ رواں ماہ میں گندم کی کاشت کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر نجی کمپنی کے زرعی ماہر، ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی اور نائٹروجنی کھادوں کے توازن کا خاص خیال رکھیں۔کسان کنونشن میں ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈویژن چوہدری شہباز اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆